اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم ط بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ط

خوشخبری!!! مبارک ہو! مرحبا مرحبا! آنے والا پیر شریف یومِ قفلِ مدینہ ہے۔

یومِ قفلِ مدینہ

یومِ قفلِ مدینہ کا مطلب ہے یومِ خاموشی

شیخِ طریقت امیرِ اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ فرماتے ہیں:

"ہر اسلامی ماہ کی **پہلی پیر شریف** کو **خاموش شہزادہ** رسالہ کا مطالعہ کر کے **یومِ قفلِ مدینہ** منائیں"۔

25 گھنٹے ضروری بات بھی **کم لفظوں** میں کچھ اشاروں میں یا لکھ کر کیجئے۔ اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ قفلِ مدینہ پیڈ حاصل فرما کر اس میں دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق لکھ کر گفتگو کیجئے۔ اِنْ شَاءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ ہر ماہ **25 گھنٹے** کا یومِ قفلِ مدینہ کی بہاریں آپ خود دیکھیں گے۔

توجہ فرمائیں: ہو سکے تو اپنی پوری ہفتے بھر کی **گفتگو کا محاسبہ** کیجئے۔۔۔۔ اپنی **ہر ہر بات پر غور کر کے** اپنے آپ سے باز پُرس کیجئے۔۔۔۔ مثلاً۔۔۔ فُلاں **بات** کیوں کی؟۔۔۔ اُس **مقام پر بولنے** کی کیا حاجت تھی؟۔۔۔۔ فُلاں گفتگو اتنے الفاظ میں بھی نمٹائی جاسکتی تھی مگر اس میں فُلاں فُلاں **لفظ زائد** کیوں بولے؟۔۔۔ فُلاں سے جملہ تم نے کہا وہ **شرعی اجازت** سے نہ تھا بلکہ **دل آزار طنز** تھا۔۔۔ اُس کا **دل دُکھا** ہو گا۔۔۔۔ اُس **بیٹھک میں کیوں گئے** جب کہ معلوم ہے کہ وہاں **فضول باتیں** بھی ہوتی ہیں اور فُلاں فُلاں بات میں تم نے ہاں میں ہاں کیوں ملائی تھی؟۔۔۔ وہاں تمہیں غیبت بھی سننی پڑ گئی تھی بلکہ تم نے غیبت سننے میں دلچسپی بھی لی تھی۔۔۔۔ اور خدانخواستہ **جھوٹ** بولا ہے، **غیبت** کی ہے، کسی پر **تہمت** لگائی ہے، ماں باپ کو **جھاڑا** ہے، کسی کو **گالی** نکالی ہے۔۔۔۔ ان سب باتوں پر غور کر کے ان سے پکّی توبہ بھی کیجئے ایسی بیٹھکوں سے دور رہنے کا بھی عہد کیجئے اور توبہ کے ساتھ ساتھ جہاں **معافی تلافی** کی صورت ہے وہاں یہ بھی کرنی ہو گی جیسے کہ کسی کو گالی نکالی تو اُس کی توبہ تو کرنی ہی ہے ساتھ میں اس کا **دل بھی دُکھا ہو گا** اس کو **اذیت** بھی پہنچی ہو گی اس لیے اب اُس سے معافی تلافی بھی کیجئے

یہی قفلِ مدینہ کا سب سے اہم کام ہے۔

اس دن کی خصوصیت: **ذکر اللہ** کی کثرت۔۔۔ **تلاوت** کی کثرت۔۔۔ **درود شریف** کی کثرت۔۔۔۔۔ زہے نصیب **روزہ** رکھ لیجئے۔۔۔۔ رسالہ **خاموش شہزادہ** لازمی لازمی پڑھئے۔۔۔ مکتبۃ المدینہ کی جاری کردہ **اصلاحی کُتب** کا مطالعہ۔۔۔۔ **نگاہیں جھکائے** رکھنے کی مشق۔۔۔۔۔ **اشارے** سے گفتگو۔۔۔۔۔ **لکھ کر** گفتگو۔۔۔۔۔

احتیاطیں: خاموشی کی عادت بنانے کی مشق کرنے کے دوران اپنا **چہرہ مُسکراتا** رکھیں۔۔۔۔ منہ **"پُھلایا"** ہوا نہ ہو۔۔۔ غصہ پر بھرپور ضبط۔۔۔ لکھ کر گفتگو کرنے سے سامنے والا بدظن ہوتا ہو۔ تو ضرورت کی بات زبان سے کریں۔۔۔ اشارے وغیرہ سے گفتگو صرف انہیں کے ساتھ مناسب رہتی ہے جن کے ساتھ آپ کی ذھنی ہم آہنگی ہو، اجنبی یا نامانوس آدمی ہو سکتا ہے کہ اشارے وغیرہ کی گفتگو کے سبب آپ سے **"ناراض"** ہو جائے لہٰذا اس کے ساتھ ضرورتاً زبان سے بات چیت کر لیجئے۔۔۔ بلکہ کئی صورتوں میں **زبان سے بولنا واجب** بھی ہو جاتا ہے مثلاً ملاقاتی کے سلام کا جواب وغیرہ۔ کسی سے ملاقات کے وقت سلام بھی اشارے سے نہیں زبان سے کرنا سنّت ہے۔ یوں ہی دروازے پر کوئی دستک دے اور اندر سے پوچھا جائے کون ہے؟ تو جواب میں باہر **"مدینہ! کھولو"**۔۔۔ **"میں ہوں"** وغیرہ نہ کہے بلکہ سنّت یہ ہے کہ اپنا نام بتائے۔۔۔۔ کسی کو چھینک آئی اَلْحَمْدُلِلّٰہ کہا آپ نے سُن لیا تو واجب ہے کہ جواب دے یَرْحَمُکَ اللّٰہ

خواہشِ امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

یومِ قفلِ مدینہ منا کر اب آپ اپنا جذبہ دیکھیں۔ آپ کو یوں لگتا ہے کہ میں کامیاب ہو جاؤں گا تو پھر اس کو **72 گھنٹے** میں تبدیل کر دیں۔۔۔۔۔ جس کابینہ کے ذمہ داران **قفلِ مدینہ** والے ہوں گے تو وہاں مدنی کاموں کی بہاریں ہوں گی۔